جناب عابد نیاز حسن

جناب عابد نیاز حسن 24 جون 2022ء کو جنرل پبلک (اقلیتی شیئر ہولڈرز) کی نمائندگی کرتے ہوئے، ماری پٹرولیم کے بورڈ پر انڈیپنڈنٹ اور نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر منتخب ہوئے اور آپ آڈٹ کمیٹی کے چیئرمین اور HR&R کمیٹی کی ممبر بھی ہیں۔

آپ ترقیاتی بنک کار کے طور پر 30 سال سے زیادہ کا تجربہ رکھتے ہیں اور آپ نے ورلڈ بینک گروپ میں 1975 سے 2006 تک خدمات انجام دیں۔ آپ کی خدمات بطور آپریشنز ایڈوائزر، پاکستان پروگرام (1997 سے 2006)، پرنسپل فنانشل سیکٹر سپیشلسٹ (ساؤتھ ایشیا ریجن)، (1992 سے 1997)، سربراہ صنعت و توانائی یونٹ، بنگلہ دیش (1988 سے 1992) اور سینئر فنانشل اینالسٹ (ایسٹ ایشیا ریجن)، (1975 سے 1988) شامل ہیں۔

ورلڈ بینک گروپ کے ساتھ کام کرنے کے دوران آپ کی ذمہ داریوں میں کابینہ، سینئر پالیسی سازوں، دوطرفہ و کثیر طرفہ ایجنسیوں، بینکوں، نجی سرمایہ کاروں، اور میڈیا سے تعلقات کا انتظام، عالمی بینک کے میکرو اکنامک پروگرامز کے نفاذ کی نگرانی، شعبہ جاتی اصلاحات جیسے توانائی، بینکنگ، نجی شعبے، پانی کے وسائل، زراعت، انفراسٹرکچر اور دیگر شعبوں کے لیے ورلڈ بینک کے پروگراموں پر عملدرآمد کی نگرانی شامل تھی۔

ورلڈ بینک گروپ سے ریٹائرمنٹ کے بعد وہ متعدد عہدوں پر فائز رہے ہیں جن میں ممبر حکومت پاکستان اکنامک ایڈوائزری کمیٹی (2010 سے 2018)، پاکستان ٹوبیکو کمپنی کے بورڈ ممبر اور بورڈ کی آڈٹ کمیٹی کے چیئرمین (2007 سے 2016)، خوشحالی بینک کے بورڈ ممبر (2007 سے 2009) اور وطین ٹیلی کمیونیکیشنز کے بورڈ ممبر (2012 سے 2017) شامل ہیں۔

اس وقت وہ دو این جی اوز ہنر فاؤنڈیشن اور چل فاؤنڈیشن کے بورڈ آف گورنرز کے ممبر ہیں۔